07-08-2024 WEDNESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ الیکشن کمیشن آف انڈیا نے تلنگانہ کی ایک نشست کے بشمول راجیہ سبھا کی بارہ مخلوعہ نشستوں پر انتخابات کیلئے اعلامیہ جاری کیا ہے۔

☆ ہینڈلوم اور ٹیکسٹائیلس کے ریاستی وزیر نا گیشور راؤ نے کہا ہے کہ حکومت ہینڈلوم کے بافندوں کی بھلائی کیلئے پرعزم ہے، آج ہینڈلوم ڈے منایا گیا۔

☆ مرکز نے ٹرینوں کی رفتار پر قابو پانے کیلئے کووچ 4.0 کونصب کرنے کی منظوری دی ہے۔

☆ تلنگانہ کے بیشتر اضلاع میں آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران مختلف مقامات پر شدید بارش کا امکان ہے۔

☆☆☆☆☆

نلسار یونیورسٹی آف لا اور لا کمیشن آف انڈیا کی جانب سے ہفتہ کو ضلع میڑچل ملکاجگیری کے علاقہ شاہ میر پیٹ میں واقع یونیورسٹی میں مصنوعی ذہانت، ہندوستان میں قانون وانصاف کے زیرعنوان ایک روزہ کانفرنس منعقد کی جائے گی۔ مصنوعی ذہانت اور انصاف وعدلیہ کے نظام میں ہورہی تیزی سے تبدیلیوں کے تناظر میں یہ کانفرنس کافی اہمیت رکھتی ہے۔ کانفرنس کے منتظمین نے بتایا کہ سپریم کورٹ بھی مصنوعی ذہانت کواستعمال کررہا ہے اور قانون وانصاف کے معاملہ میں اے آئی پر بھروسہ کیا جارہا ہے۔ اس کانفرنس میں آئی ٹی ای اور سی ڈپارٹمنٹ، آئی آئی ٹی حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے ریاستی حکومت کے ماہرین تعلیم، این ایل یو دہلی، آئی آئی ٹی کھڑک پور اور دیگر صنعتوں سے تعلق رکھنے والے ذمہ دار شرکت کریں گے۔

☆☆☆☆☆

\مبینہ طور پر بنا اجازت ڈرون اڑانے کے الزام میں بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ کے خلاف ایک کیس درج کیا گیا ہے۔ کے ٹی آر پر الزام ہے کہ ضلع جئے شنکر بھوپال پلی میں واقع میڈی گڈہ بیاریج کے حالیہ دورہ کے موقع پر ڈرون اڑایا گیا۔ چھبیس جولائی کو کے ٹی آر کی زیرقیادت بی آر ایس لیڈرس کی ایک ٹیم نے اس بیاریج کا دورہ کیا تھا۔ اس دورہ کا مقصد اس پراجکٹ کے تعلق سے عوام کو کانگریس حکومت کے اقدامات سے واقف کروایا جاسکے۔ گوداوری کے دورہ کے بعد سابق وزیر راما راؤ نے ایکس پر ڈرون اڑائے جانے کے بعض ویڈیوز پوسٹ کئے۔ ولی شیخ نامی ایک شخص کی شکایت پر کے ٹی آر اور بی آر ایس کے دوسابق ارکان اسمبلی کے خلاف کیس درج کرلیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر وسابق وزیر کے ٹی راما راؤ نے آج مرکز اور ریاستی حکومتوں پر زور دیا ہے کہ بی آر ایس دور میں نافذ کردہ بافندوں کی بھلائی کی اسکیمات کو بحال کرتے ہوئے ہینڈلوم شعبہ سے تعلق رکھنے والے افراد کو راحت پہنچائی جائے۔ کے ٹی آر نے ایک بیان میں کہا کہ تلنگانہ میں بی آر ایس کے دس سالہ دور میں ہینڈلوم کے شعبہ نے قابل لحاظ پیشرفت کی۔ انہوں نے ملک کی تاریخ میں بافندوں کیلئے اسے سنہرہ دور قرار دیا اور کہا کہ چندر شیکھر راؤ کے دور میں چنتا منترا کے بشمول کئی انقلابی اسکیمات متعارف کروائی گئی تھیں جبکہ ملک میں پہلی مرتبہ پچاس فیصد سبسیڈی کی اسکیم بھی شروع کی گئی تھی۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے بیشتر اضلاع میں آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران مختلف مقامات پر شدید بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مرکز نے اپنی روزانہ کی رپورٹ میں کہا کہ اسی مدت کے دوران ریاست کے تمام اضلاع میں کہیں کہیں بوندا باندی کے علاوہ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کی بھی توقع ہے۔ یہی صورتحال ریاست بھر میں کل بھی ہوسکتی ہے۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران گدوال میں کہیں کہیں شدید بارش ہوئی جبکہ اضلاع کتہ گوڑم، محبوب نگر، ملگو، نارائن پیٹ اور ونپرتی میں بھی کہیں کہیں بارش درج کی گئی۔

☆☆☆☆☆

عظیم تر بلدیہ حیدرآباد جی ایچ ایم سی کی کمشنر امرپالی اور ڈپٹی میئر سری لتا نے شہر حیدرآباد کے علاقہ تارنا کہ میں پودے تقسیم کیے۔ تارنا کہ ویلفیر اسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر موہن راؤ نے اپنی خیر مقدمی تقریر میں علاقہ کے مسائل پر روشنی ڈالی۔ امرپالی نے اپنے خطاب میں مجوزہ جی اوٹیا گنگ سروے کی اہمیت بیان کی اور اس پروگرام پر عمل آوری کیلئے عوام سے تعاون کی خواہش کی۔ ڈپٹی میئر سری لتا نے مقامی افراد کی جانب سے اٹھائے گئے مسائل کو حل کرنے کا یقین دلایا۔ اس موقع پر زونل کمشنر روی کرن اور دوسرے بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆☆

نائب صدر جگدیپ دھنکر نے آج کہا ہے کہ ہندوستان اندرون دو برس دنیا بھر میں تیسری سب سے بڑی معیشت بن کرا بھرے گا۔ انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت عالمی معیشت میں پانچویں مقام پر پہنچ گیا ہے۔ نئی دہلی میں آج دسویں عالمی یوم ہینڈلوم سے خطاب کرتے ہوئے نائب صدر نے کہا کہ ملک تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے اور اس رفتار کو روکا نہیں جاسکتا۔ دھنکر نے مزید کہا کہ کسی بھی ملک کی معاشی ترقی اس کا بنیادی حق ہے۔ ان کے مطابق معیشت کی بہتری سے بیرونی زرمبادلہ کو محفوظ رکھنے، ملازمت کے مواقع پیدا کرنے اور چھوٹی تجارتوں کے مواقع بنانے میں مدد ملتی ہے۔ ان کے مطابق ہینڈلوم کی اشیاء کو فروغ دینے کیلئے کوآپریٹیو شعبہ اہم رول ادا کرسکتے ہیں۔ اس موقع پر جگدیپ دھنکر نے گراں قدر خدمات انجام دینے پر ہینڈلوم کے بافندوں میں ایوارڈس تقسیم کیے۔

☆☆☆☆☆

الیکشن کمیشن آف انڈیا نے راجیہ سبھا کی بارہ مخلوعہ نشستوں کے منجملہ نوسیٹوں کیلئے ایک اعلامیہ جاری کیا ہے۔ ان نشستوں پر انتخابات کیلئے اس ماہ کی چودہ تاریخ کو اعلامیہ جاری کیا جائے گا۔ امیدوار جاریہ ماہ کی 21 تاریخ تک اپنے پرچہ جات نامزدگی داخل کرسکتے ہیں جبکہ 22 اگست کو تنقیح ہوگی۔ پرچہ نامزدگی سے دستبرداری کی آخری تاریخ اس ماہ کی چھبیس اور ستائیس مقرر کی گئی ہے۔ راجیہ سبھا کی مذکورہ 9 نشستوں کیلئے انتخابات 3 ستمبر کو منعقد ہوں گے۔ تلنگانہ سے بھی ایک نشست کیلئے انتخاب ہوگا کیوں کہ یہ نشست اس وقت خالی ہوئی جب بی آر ایس کے ایم پی کیشو راؤ مستعفی ہوکر کانگریس پارٹی میں شامل ہوگئے ہیں۔

☆☆☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ہینڈلوم کے قومی دن کے موقع پر ریاست بھر کے ہینڈلوم بافندوں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے ایک پرزور بیان میں وزیراعلیٰ نے اس بات کا اعتراف کیا کہ ہینڈلوم نے نہ صرف جدوجہد آزادی میں اہم رول ادا کیا بلکہ تلنگانہ کی ترقی اور اسے دوبارہ تعمیر کرنے میں بھی کردار نبھایا ہے۔ ریونت ریڈی نے بافندوں کو اس بات کا یقین دلایا ہے کہ حکومت مختلف اقدامات بالخصوص خاتون سیلف ہیلپ گروپوں کو بااختیار بناتے ہوئے ہینڈلوم کی صنعتوں کی بہتری کیلئے پرعزم ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاستی بی جے پی کی جانب سے آٹھ اور نو اگست کو ریاست بھر کے تمام مواضعات میں قومی پرچم لہراتے ہوئے ''ہر گھر ترنگا'' پروگرام منایا جائے گا۔ اس پروگرام کے تحت بی جے پی کے کارکن دس اور گیارہ اگست کو قومی لیڈرس کے مجسموں کی صفائی کریں گے اور انہیں خراج پیش کرنے کے علاوہ گیارہ سے تیرہ اگست تک تمام اسمبلی حلقوں اور اضلاع کے ہیڈکوارٹرس میں ترنگا یاترا نکالی جائے گی۔ بی جے پی مہیلا مورچہ کے ارکان بارہ اگست کو تمام ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرس پر بائیک ریالیاں نکالیں گی۔ اسی دوران بی جے پی کی جانب سے آج ریاست بھر میں رعیتو رچہ بنڈہ پروگرام کا انعقاد کیا گیا تاکہ کسانوں کی حمایت کی جاسکے۔ اس پروگرام میں جو ضلع رنگاریڈی کے ادولا پورمیٹ منڈل کے موضع تارامتی پیٹ میں منعقد ہوا، بی جے پی کسان مورچہ کے ریاستی صدر سریدھر ریڈی اور سابق ایم پی نرسیا گوڑ نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆

حالیہ انتخابات کے دوران ضلع سوریا پیٹ کے حلقہ اسمبلی تھنگا ترتی میں واقع ترمل گیری علاقہ میں سرکاری جونیئر کالج کے قیام کا موضوع چھایا رہا تھا۔ اب اس کالج کے قیام کیلئے حکومت نے احکام جاری کئے ہیں۔ پرنسپل سکریٹری محکمہ تعلیم وینکٹیشم کی جانب سے جاری کردہ حکمنامہ کے مطابق ترمل گیری کے لئے ایک نیا گورنمنٹ جونیئر

کالج منظور کیا گیا ہے۔ یہ کالج تعلیمی سال 25-2024 سے شروع ہو جائے گا۔ اس سلسلہ میں ڈائرکٹر انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن کو احکام جاری کئے گئے ہیں۔

مرکز نے دس ہزار ٹرینوں کے انجنوں کو کووچ 4.0 نصب کئے جانے کو منظوری دی ہے۔ کاوچ سے ریل کی رفتار کو خود بخود کم کرنے میں مدد ملتی ہے اور حادثات سے بچنے کیلئے ضرورت پڑنے پر اس کے ذریعہ بریک لگائے جاسکتے ہیں۔ نئی دہلی میں میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے مرکزی وزیر ریلوے اشوینی ویشنو نے کہا کہ وزارت نے آئندہ دو برسوں کے دوران کووچ کو نصب کرنے کے تمام طریقہ کار کو پورا کرنے کا نشانہ مقرر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کووچ کے 4.0 ورژن کو ریسرچ ڈیزائنس اینڈ اسٹنڈرڈس آرگنائزیشن (RDSO) نے منظوری دی ہے۔ ویشنو نے مزید کہا کہ ریلویز کی جانب سے اب ملک بھر میں جنگی خطوط پر کووچ نصب کئے جانے کا سلسلہ شروع کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ اب تک ایک ہزار 465 کیلومیٹر ریل روٹس پر کووچ لگائے جاچکے ہیں جبکہ ساوتھ سنٹرل ریلوے حدود میں 144 انجنوں کو کووچ نصب کئے گئے ہیں۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ بھر میں آج ہینڈلوم ڈے منایا گیا۔ حیدرآباد کے علاقہ نکلس روڈ میں منعقدہ ایک پروگرام میں ہینڈلوم اور ٹیکسٹائیلس کے وزیر ناگیشور راؤ نے ایک نمائش کا افتتاح کیا۔ انہوں نے عوام کو مشورہ دیا کہ ہینڈلوم سے تیار کردہ اشیاء استعمال کریں۔

☆☆☆☆☆